علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

وارننگ

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اسالیب نثر اُردو I (5609) سمسٹر: بہار 2026

سطح: ایم اے اُردو

(ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

1. اسلوب کسی مصنف کی شخصیت کا آئینہ دار ہوتا ہے۔ اس نظریے کی روشنی میں واضح کریں کہ ایک نثر نگار کے سماجی پس منظر اور ذاتی مشاہدات اس کے طرزِ تحریر کو کس طرح منفرد بناتے ہیں؟ (20)
2. اسلوب کے بنیادی عناصر اور اجزائے ترکیبی کا تجزیہ کریں اور بتائیں کہ ایک کامیاب اسلوب میں زبان و بیان کا توازن کیوں ضروری ہے؟ (20)
3. غالب کی نثری انفرادیت ان کے معاصرین سے کیوں کر مختلف تھی؟ ان کے اسلوب میں موجود 'انانیت' اور 'اظہار کی ندرت' پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (20)
4. ملا وجہی کے اسلوب کی قدیم دکنی خصوصیات کا مطالعہ کرتے ہوئے ثابت کریں کہ 'سب رس' اردو نثر کی تاریخ میں ایک سنگِ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔ (20)
5. سر سید احمد خان نے اردو نثر کو مقصدیت اور سادگی سے ہمکنار کیا۔ ان کے مضامین کے حوالے سے ان کے اصلاحی اسلوب اور بیانیہ کی سادگی پر بحث کریں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

1. علامہ شبلی نعمانی کے اسلوب میں تاریخ نگاری اور خطابت کا جو حسین امتزاج ملتا ہے، اسے ان کے مخصوص 'بیان' کے حوالے سے واضح کریں۔۔ (20)
2. شبلی کی نثر میں موجود جوش، استدلال اور تخیل آفرینی انھیں اپنے عہد کے دیگر نثر نگاروں سے کیسے ممتاز کرتی ہے؟ مثالوں سے واضح کریں۔۔ (20)
3. مولانا الطاف حسین حالی کی نثر میں 'سادگی، سچائی اور جوش' کے عناصر کس طرح نمایاں ہیں؟ ان کے اسلوب کے اعتدال پسندانہ رویے پر روشنی ڈالیں۔؟ (20)
4. حالی کے تنقیدی اور سوانحی اسلوب نے اردو نثر کو جو سنجیدگی اور توازن عطا کیا، اس کا تفصیلی جائزہ لیں۔۔ (20)
5. شبلی کی 'خطابت اور جوشِ بیان' کا حالی کی 'سادگی اور استدلال پسندی' سے تقابلی جائزہ لیتے ہوئے واضح کریں کہ ان دونوں نے مل کر اردو نثر کے ارتقاء میں کیا کردار ادا کیا؟ (20)